نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
۔سر آغاخان سوئم روڈلاہور21
Ph.042-99200731, 99200729 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے بائر ہیڈ اف کراپ سائنس فار ایشیاء پیسیفک مالو ناچرینز Malu Nacheriner) کی وفد کے ہمراہ ملاقات

اجلاس کے دوران صوبہ پنجاب میں کپاس، مکئی اور سویابین کے زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل نئی اقسام کے بیج متعارف کرانے سے متعلق مشاورت کی گئی

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی اجلاس میں شرکت

کپاس، مکئی اور سویابین کے زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل بیج متعارف کراناوقت کا اہم تقاضاہے۔صوبائی وزیر زراعت وہ لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی

لاہور،03اکتوبر2024:صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہاہے کہ کپاس، مکئی اور سویابین کے زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل بیج متعارف کراناوقت کا اہم تقاضاہے جس کے بغیر فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کرنا ممکن نہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بائر کمپنی کے وفد سے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ملاقات کے دوران کیا۔انہوں نے کہاکہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں کپاس اور مکئی کی جی ایم ٹیکنالوجی متعارف کروانے میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں۔موجودہ حکومت نے زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کے تحت 400 ارب روپے سے زائد کے میگا پروگرامز شروع کر دیے ہیں۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے کہاکہ صوبہ پنجاب کو موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز کا سامناہے خاص طور پر کپاس کی فصل میں سفید مکھی کا تدارک ایک بڑا چیلنج ہے جس کے لیے پرائیویٹ سیکٹر اور ریسرچ کے اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہاکہ زرعی پیداواری اہداف کے حصول اور فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لیے محکمہ زراعت اور پرائیویٹ سیکٹر کو ساتھ مل کر چلنا ہوگا۔محکمہ زراعت پرائیویٹ سیکٹر کی حوصلہ افزائی کررہاہے اور اس ضمن میں پرائیویٹ سیکٹر کی معاون پالیسیاں ترتیب دی جارہی ہیں۔اس موقع پر بائر کراپ سائنسز کی ہیڈ نے کہاکہ کپاس اور سویابین کی پیداوار میں اضافہ کیلئے بائیو ٹیکنالوجی کی جدید اختراعات کو اپنانا ہوگا۔پرائیویٹ سیکٹر زرعی ترقی کیلئے ریسرچ کے اداروں سے ہم قدم ہوگا۔انھوں نے کہاکہ بیج کی ٹیکنالوجی کو متعارف کرانے کیلئے ہماری کمپنی محکمہ زراعت سے مکمل تعاون اور کروپ پروٹیکشن کے ضمن میں کسانوں کی مالی اعانت بھی کرئے گی۔ملاقات کے دوران کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر

انجم علی اور پرائیویٹ سیکٹر سے بائر کمرشل میٹیوس باروس (Mateus Barros) چیف ایگزیکٹو بائر پاکستان احمد کے علاوہ دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔

****